روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10FR

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 9 جون 2008ء 4 جمادی الثانی 1429 ہجری 9 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 129

سورۃ الفتح کی تلاوت

حضرت عبداللہ بن مغفلؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ کو ایک اونٹ پر سوار سورۃ الفتح پڑھتے ہوئے دیکھا ہے آپ بار بار ہر آیت کو دہراتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب این رکز النبیؐ حدیث نمبر:3945)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دیکھو! قرآن نے اسی ایک امر کو جو توریت میں بھی اپنے لفظوں اور اپنے مفہوم پر بیان ہوا۔ کیسا شرح وبسط کے ساتھ اور دلائل اور براہین کے ساتھ مؤکد کر کے بیان فرمایا۔ یہی تو قرآنی اعجاز ہے کہ وہ اپنے پیرو کو کسی دوسرے کا محتاج نہیں ہونے دیتا۔ دلائل اور براہین بھی خود ہی بیان کر کے اسے مستغنی کر دیتا ہے۔ قرآن شریف نے دلائل کے ساتھ احکام کو لکھا ہے اور ہر حکم کے جداگانہ دلائل دیئے ہیں۔ غرض یہ دو بڑے فرق ہیں جو توریت اور قرآن میں ہیں۔ اول الذکر میں طریق استدلال نہیں۔ دعویٰ کی دلیل خود تلاش کرنی پڑتی ہے۔ آخر الذکر اپنے دعویٰ کو ہر قسم کی دلیل سے مدلل کرتا ہے اور پھر پیش کرتا ہے اور خدا کے احکام کو زبردستی نہیں منواتا' بلکہ انسان کے منہ سے سرِ تسلیم خم کرنے کی صدا نکلواتا ہے۔ نہ کسی جبر واکراہ سے بلکہ اپنے لطیف طریق استدلال سے اور فطری سیادت سے۔ توریت کا مخاطب خاص گروہ ہے۔ اور قرآن کے مخاطب کل لوگ جو قیامت تک پیدا ہوں گے۔ پھر بتلاؤ کہ توریت اور قرآن کیونکر ایک ہو جائیں اور توریت کے ہونے سے کیونکر ضرورت قرآن نہ پڑے۔ قرآن جب کہتا ہے تو زنا نہ کر' تو کل بنی نوع انسان اس کا مفہوم ہوتا ہے لیکن جب یہی لفظ توریت بولتی ہے تو اس کا مخاطب اور مشار الیہ وہی قوم بنی اسرائیل ہوتی ہے۔ اس سے بھی قرآن کی فضیلت کا پتہ لگ سکتا ہے' مگر دور اندیش اور خدا ترس دل ہو تو۔

(علاوہ ازیں) توریت اور قرآن میں یہ بھی ایک فرق عظیم ہے کہ قرآن جسمانی اور روحانی خوارق ہر قسم کے اپنے اندر رکھتا ہے۔ مثلاً شق القمر کا معجزہ جسمانی معجزات کی قسم سے ہے۔

بعض نادان شق القمر کے معجزہ پر قانون قدرت کی آڑ میں چھپ کر اعتراض کرتے ہیں لیکن ان کو اتنا معلوم نہیں کہ خدا تعالیٰ کی قدرتوں اور قوانین کا احاطہ اور اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ ایک وقت تو وہ منہ سے خدا بولتے ہیں' لیکن دوسرے وقت چہ جائیکہ ان کے دل' ان کی روح خدائے تعالیٰ کی عظیم الشان اور وراء الوریٰ قدرتوں کو دیکھ کر سجدہ میں گر پڑے۔ اسے مطلق بھول جاتے ہیں۔ اگر خدا کی ہستی اور بساط یہی ہے کہ اس کی قدرتیں اور طاقتیں ہمارے ہی خیالات اور اندازہ تک محدود ہیں' تو پھر دعا کی کیا ضرورت رہی؟ لیکن نہیں۔ میں تمہیں بتلاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی قدرتوں اور ارادوں کا کوئی احاطہ نہیں کرسکتا۔ ایسا انسان جو یہ دعویٰ کرے' وہ خدا کا منکر ہے۔ لیکن کس قدر واویلا ہے اس نادان پر جو اللہ تعالیٰ کو لامحدود قدرتوں کا مالک سمجھ کر بھی یہ کہے کہ شق القمر کا معجزہ قانون قدرت کے خلاف ہے۔ سمجھ لو کہ ایسا آدمی فکر سلیم اور دور اندیش دل سے بہرہ مند نہیں۔ خوب یاد رکھو کہ کبھی قانون قدرت پر بھروسہ نہ کرلو۔ یعنی کہیں قانون قدرت کی حد نہ ٹھہرا لو کہ بس خدا کی خدائی کا سارا راز یہی ہے۔ پھر تو سارا تار و پود کھل گیا۔ نہیں۔ اس قسم کی دلیری اور جسارت نہ کرنی چاہئے۔ جو انسان کو عبودیت کے درجہ سے گرا دے۔ جس کا نتیجہ ہلاکت ہے۔ ایسی بیوقوفی اور حماقت کہ خدا کی قدرتوں کو محصور اور محدود کرنا۔ کسی مومن سے نہیں ہوسکتی۔ امام فخر الدین رازی کا یہ قول بہت درست ہے کہ جو شخص خدا تعالیٰ کو عقل کے پیمانہ سے اندازہ کرنے کا ارادہ کرے گا' وہ بیوقوف ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص55)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔
''اس بات کی بڑی ضرورت ہے کہ وحدت پیدا ہو۔''
(حقائق الفرقان جلد اول صفحہ 400)

عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔ لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔ جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 200-3/4550 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں۔

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم)

فوری ضرورت

دفتر نظامت جائیداد صدر انجمن احمدیہ کو اپنے مختلف پراجیکٹس کے لئے مندرجہ ذیل سٹاف کی فوری ضرورت ہے۔

1۔ سائٹ انجینئرز (ڈپلومہ ہولڈر)
2۔ بلڈنگ میٹریلز سٹور مین
3۔ سیکیورٹی گارڈز

خواہشمند حضرات متعلقہ صدر/امیر جماعت کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواستیں دفتر نظامت جائیداد میں پہنچا دیں یا بالمشافہ مل لیں۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ)

نیلامی سامان

نظامت جائیداد کے سٹور میں درج ذیل سامان بذریعہ نیلامی مورخہ 16 جون 2008ء کو بوقت 8:30 بجے فروخت کیا جائے گا۔ خواہش مند افراد استفادہ فرمائیں۔

سامان:۔ الیکٹرک واٹر کولر' گیزر، سٹیبلائزر، میز یں ٹاپ، کرسیاں، سینٹری کا متفرق سامان، پائپ' متفرق لکڑی اور لوہے کا سامان اور دیگر متفرق سامان

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں)

نمبر 1

سوال: حضرت اقدس مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود کی ولادت باسعادت کب ہوئی۔

جواب: حضور 13 فروری 1835ء بمطابق 14 شوال 1250ھ بروز جمعہ طلوع فجر کے بعد قادیان میں پیدا ہوئے۔

سوال: کیا حضور کے ساتھ کسی اور بچے کی ولادت بھی ہوئی۔

جواب: حضور کے ساتھ آپ کی بہن جنت صاحبہ کی پیدائش ہوئی جو جلد ہی فوت ہوگئیں۔

سوال: حضور نے ابتدائی تعلیم کب اور کن سے حاصل کی۔

جواب: حضور نے ابتدائی تعلیم اندازاً 1842ء تا 1846ء میں منشی فضل الٰہی صاحب اور مولوی فضل احمد صاحب سے حاصل کی۔

سوال: حضور کی پہلی شادی کب اور کس سے ہوئی۔

جواب: حضور کی پہلی شادی اندازاً 1852ء میں آپ کی ماموں زاد حرمت بی بی صاحبہ بنت مرزا جمیعت بیگ صاحب سے ہوئی۔

سوال: حضور نے نحو، منطق، حکمت اور دیگر علوم کی تعلیم کب اور کن سے حاصل کی۔

جواب: حضور نے نحو، منطق، حکمت اور دیگر مروجہ علوم کی تعلیم اندازاً 1853ء میں مولوی گل علی شاہ صاحب سے حاصل کی۔

سوال: حضور کے پہلے بیٹے حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: تقریباً 1853ء میں۔

سوال: حضور کے دوسرے بیٹے مرزا فضل احمد صاحب کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: تقریباً 1855ء میں۔

سوال: حضور کو رویا میں اشارات ماموریت کب ہوئے۔

جواب: تقریباً 1864ء میں۔

سوال: حضور نے سیالکوٹ میں ملازمت کب سے کب تک فرمائی۔

جواب: تقریباً 1864ء سے 1868ء تک۔

سوال: حضور نے عیسائی پادریوں سے مناظروں کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: دورانِ ملازمت سیالکوٹ میں تقریباً 1864ء سے۔

سوال: حضور کی والدہ ماجدہ حضرت چراغ بی بی صاحبہ کا انتقال کب ہوا۔

جواب: اندازاً 1868ء میں۔

سوال: ’’بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے‘‘ حضور کو یہ الہام کب ہوا۔

جواب: اندازاً 1868ء میں۔

سوال: حضور نے ملک کے مختلف اخبارات میں مذہبی مضامین کے سلسلہ کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: تقریباً 1872ء میں۔

سوال: حضور نے یہ رویا کب دیکھا جس میں فرشتہ نے آپ کو نان پیش کرتے ہوئے کہا ’’یہ تیرے اور تیرے ساتھ کے درویشوں کے لئے ہے‘‘۔

جواب: تقریباً 1874ء میں۔

سوال: حضور کے والد ماجد نے بیت اقصیٰ کی بنیاد کب رکھی اور اس کی تکمیل کب ہوئی۔

جواب: اندازاً 1875ء میں بنیاد رکھی گئی اور جون 1876ء میں تکمیل ہوئی۔

سوال: حضور نے آٹھ یا نو ماہ تک لگاتار روزے کب رکھے۔

جواب: اندازاً 1875ء میں۔

سوال: حضرت میر ناصر نواب صاحب کی قادیان پہلی بار آمد کب ہوئی۔

جواب: تقریباً 1876ء میں۔

سوال: حضور کے والد ماجد مرزا غلام مرتضیٰ صاحب کی وفات کب ہوئی۔

جواب: جون 1876ء میں۔

سوال: حضور کو آپ کے والد ماجد کی وفات پر کونسا الہام ہوا۔

جواب: اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ.

سوال: حضور کے خلاف پہلا مقدمہ کب اور کس نے کیا۔

جواب: 1877ء میں ایک عیسائی رلیارام نے کیا جو کہ مقدمہ ڈاک خانہ کے نام سے مشہور ہے۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب صراف امیر حلقہ ڈسکہ غربی ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم حاجی مرزا نصیر احمد صاحب نسبت روڈ ڈسکہ البدر انڈسٹری والے مورخہ 24 مئی 2008ء کو اچانک حرکت قلب بند ہو جانے کی وجہ سے وفات پا گئے ہیں۔ آپ خدا کے فضل سے موصی تھے۔ آپ نے 77 سال عمر پائی۔ آپ نے فعال زندگی گزاری۔ جوانی میں قائد مجلس خدام الاحمدیہ موسیٰ والا نیز ڈسکہ کوٹ میں بطور زعیم انصار اللہ خدمت کی آپ کو دعوت الی اللہ کا شوق تھا۔ احباب کو زیارت مرکز بھی اپنے خرچ پر کرواتے تھے۔ غربا کی مدد بھی کرتے تھے۔ وفات سے ایک روز قبل مورخہ 23 مئی کو جمعہ پڑھنے بھی آئے مرحوم کی اہلیہ محترمہ امۃ الحی صاحبہ پہلے ہی فوت ہو چکی ہیں وہ بھی موصیہ تھیں۔ آپ نے 6 بیٹے 2 بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ سب شادی شدہ ہیں۔ آپ کے تین بیٹے دو بیٹیاں جرمنی میں ایک بیٹا بیلجیئم میں ہے۔ دو بیٹے ڈسکہ میں ہیں۔ آپ کا جنازہ مقامی طور پر ڈسکہ میں ہوا۔ آپ کی نماز جنازہ ربوہ بیت مبارک میں مورخہ 25 مئی کو بعد از نماز مغرب ہوئی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم شمیم پرویز صاحب نائب وکیل وقف نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

نکاح

مکرم عبدالمتین جنجوعہ صاحب لاہور کینٹ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خاکسار کی بیٹی مکرمہ عائشہ ماہم کا نکاح مکرم طلحہ احمد طاہر ابن مکرم چوہدری عطاء اللہ خان صاحب ایڈووکیٹ آف سرگودھا کے ساتھ مکرم مرزا ناصر محمود صاحب مربی سلسلہ ضلع لاہور نے مورخہ 23 مئی 2008ء کو دارالذکر لاہور میں دو لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرمہ عائشہ ماہم صاحبہ مکرم چوہدری عبدالرزاق صاحب مرحوم آف ملتان کی پوتی ہے اور مکرم طلحہ احمد طاہر صاحب مکرم چوہدری محمد عالم صاحب مرحوم آف چک 81 شمالی سرگودھا کے پوتے ہیں۔ اسی طرح لڑکا اور لڑکی مکرم ملک دوست محمد صاحب دارالرحمت غربی ربوہ کے نواسہ اور نواسی ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دینی اور دنیاوی ہر پہلو سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

سیکرٹریان تعلیم متوجہ ہوں

پاکستان بھر میں چند دنوں تک سکولز اور کالجز میں موسم گرما کی رخصتیں ہو رہی ہیں اس دوران سیکرٹریان تعلیم سے گزارش ہے کہ وہ مندرجہ ذیل امور کی طرف خاص طور پر توجہ دیں۔

(1) ان دنوں میں طلبہ سے مستقل رابطہ رکھیں اور ان کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

(2) ہر جماعت میں فری کوچنگ کلاس سینٹر کا قیام ضروری ہے جس میں احمدی اساتذہ، تعلیمی کمیٹی اور ذیلی تنظیموں سے تعاون حاصل کیا جائے اس میں خاص طور پر سائنس کے مضامین، ریاضی اور انگلش کو بہتر بنانے کی کوشش کی جائے طالبات کے لئے لجنہ کے ذریعہ کوچنگ کلاس لگائی جائے۔ ان کلاسز میں سوال و جواب کے مواقع بھی ہوں تا کہ طلبہ اپنے مسائل Discuss کر سکیں اور مستقبل کی تعلیم کیلئے راہنمائی حاصل کریں۔

(3) موسم گرما کی رخصتوں میں اکثر طلبہ اپنے وقت کا درست مصرف نہیں کرتے اس لئے رخصتوں کے آغاز میں ہی ان طلبہ سے رابطہ کر کے ان کو درج ذیل سرگرمیوں کی طرف توجہ دلائی جائے۔

(i) نئی کلاس کے نصاب کا تعارف (ii) قرآن کریم کا مطالعہ (iii) کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ (iv) نمازوں کی پابندی (v) لکھائی کو بہتر بنانا (vi) ذیلی تنظیموں کے کام میں دلچسپی وغیرہ۔

(4) جن طلبہ نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کا امتحان دیا ہے ان کیلئے کیریئر پلاننگ کے پروگرام بطرز سوال و جواب منعقد کئے جائیں اور اس سلسلہ میں ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اور انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز (IAAAE) سے مدد حاصل کی جائے۔

(5) انٹرمیڈیٹ کے بعد کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ طلباء و طالبات پیشہ ور تعلیمی اداروں میں داخلہ حاصل کریں اس سلسلہ میں آپ کے پاس ان ادارہ جات کی معلومات ہونی چاہئے تا کہ ان طلبہ کی راہنمائی کر سکیں اس سلسلہ میں نظارت تعلیم ان ادارہ جات میں داخلہ کے اعلانات الفضل میں شائع کرواتی رہتی ہے اس کا بھی باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے اور طلبہ کی راہنمائی کی جائے۔

(6) اگر ممکن ہو تو طلباء کو مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے تعاون سے Hiking پر لے جایا جائے۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم خواجہ محمد اکرم صاحب

تحریک وقف عارضی کی اہمیت

وقف عارضی کی تحریک ان مبارک تحریکوں میں سے ہے جو حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی طرف سے جاری کی گئی ہیں۔ اس تحریک کا مقصد وحید جماعت میں ایک نئی زندگی نیا ولولہ اور نیا جذبہ پیدا کرنا ہے تا جماعت قربانی میں ایک نئی مثال قائم کرے جس کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے نئے فضل نازل ہوں۔

سورۃ نور کی آیت استخلاف میں فرمایا گیا ہے کہ جب میں خلیفہ بناتا ہوں تو نئی تمکنت عطا کرتا ہوں۔ نئی فتوحات اور نئی برکتوں کا نزول ہوتا ہے۔ اس کا مفہوم یہی ہے کہ خلیفۂ وقت کی طرف سے نئی تحریکات جاری کی جاتی ہیں اور مومنین کے قلوب اس کے قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کے لئے والہانہ طور پر تیار کئے ہوتے ہیں جس کے نتیجہ میں کامیابیاں ایسی تحریکات کے قدم چومتی ہیں اور خدا کی قدرت ایک نئی شان کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے اس لحاظ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ وقف عارضی کی مبارک تحریک ایک خدائی تحریک ہے۔ ایک معقول تعداد میں احباب نے اس میں حصہ لیا ہے اور بہت بڑی برکتیں اس سے ظاہر ہوئیں اور ابھی یہ کام جاری اور ترقی پر ہے۔

تحریک وقف عارضی کا بلند مرتبہ

بہت سے احباب کے دل میں یہ خواہش موجزن ہوتی تھی کہ وہ بھی اپنی زندگیاں وقف کریں اور دین کی نشاۃ ثانیہ کے لئے دنیا میں پھیل جاویں۔ لیکن دیگر ذمہ داریاں اور عزیز و اقارب کے بوجھ کی وجہ سے مستقل طور پر وہ شامل نہ ہو سکتے تھے۔ ایسے احباب کے لئے اب موقعہ پیدا کر دیا گیا ہے۔ چنانچہ ایک کثیر تعداد کو توفیق ملی اور اس نے اپنی روحانی پیاس کو بجھایا لیکن جو باقی ہیں وہ کیوں لب تشنہ بیٹھے ہیں؟

حضرت مصلح موعود کے زمانہ خلافت میں شدھی کا فتنہ اٹھا اور حضور نے اس کے مقابلہ کے لئے احباب کو بلایا۔ بہت سے احباب نے لبیک کہا وہ گواہ ہیں کہ انہوں نے دین و دنیا کی برکتیں پائیں۔ ہم جب ان واقعات کو سنتے ہیں تو بے اختیار ان مجاہدوں کے لئے دعائیں نکلتی ہیں لیکن ساتھ ہی یہ تڑپ بھی پیدا ہوتی ہے کہ کاش ہم بھی اس وقت ہوتے تو دین کی غربت و مسکینی کی حالت میں اپنے اوقات اور مالی قربانی کر کے دلی مرادیں پاتے۔ ایسے احباب کے لئے اللہ تعالیٰ نے پھر ایک موقعہ پیدا کر دیا ہے۔ پس جو چاہتے ہیں کہ ان کا نام زندہ و جاوید ہو۔ اللہ تعالیٰ کی رضا ان کو حاصل ہو وہ جلد آگے بڑھیں اپنے مال اور اوقات قربان کریں اور وقف عارضی میں اپنے تئیں پیش کر دیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی اس تحریک پر عمل کرنے کے نتیجہ میں احباب نے بہت سے نشانات کا مشاہدہ کیا ہے اور نشانات دکھانا اللہ تعالیٰ کی قدیم سنت ہے۔ چنانچہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

رحمت کے نشان دکھانا قدیم سے خدا کی عادت ہے۔ مگر تم اس حالت میں اس عادت سے حصہ لے سکتے ہو کہ تم میں اور اس میں کچھ جدائی نہ رہے اور تمہاری مرضی اس کی مرضی اور تمہاری خواہشیں اس کی خواہشیں ہو جاوے اور تمہارا سر ہر ایک وقت اور ہر ایک حالت مرادیابی اور نامرادی میں اس کے آستانہ پر پڑا رہے تا جو چاہے سو کرے۔ اگر تم ایسا کرو گے تو تم میں وہ خدا ظاہر ہوگا جس نے مدت سے اپنا چہرہ چھپا لیا ہے۔" (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 11)

پس یہ کوئی معمولی تحریک نہیں ایک بہت بڑی شان اپنے اندر رکھتی ہے اور بہت سے فوائد اپنے اندر رکھتی ہے حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر کوئی مصیبت درپیش ہو یا کامیابی کے سلسلہ میں خاص دعا کے موقعہ کی ضرورت ہو تو سفر کرنا چاہئے۔ مسافرت کی حالت میں جو دعا کی جاوے گی۔ وہ بپایہ قبولیت تک پہنچے گی۔

پس وقف عارضی کے سلسلہ میں سفر تو ایک مبارک سفر ہوگا۔ جس کے ساتھ حضرت اقدس خلیفۃ المسیح کی دعائیں بھی شامل ہیں۔ پس جو چاہتے ہیں کہ ان کے مصائب دور ہوں اور وہ دین و دنیا میں کامیاب و کامران ہوں وہ جلد آگے بڑھیں اور لبیک یا خلیفۃ المسیح لبیک یا خلیفۃ المسیح کا نعرہ لگاتے ہوئے اس گروہ میں شامل ہو جاویں۔

مجاہدوں کی فضیلت

احباب نمازیں بھی پڑھتے ہیں اور دیگر عبادات بھی بجالاتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کے حضور مجاہد کا درجہ بہت بلند ہے۔ چنانچہ سورۃ توبہ میں فرماتا ہے کہ تم حاجیوں کو پانی پلانے والوں اور خانہ کعبہ کو آباد رکھنے والوں کو ان کے برابر سمجھتے ہو۔ جو اللہ اور آخرت پر ایمان لائے اور اس کی راہ میں جہاد بھی کیا۔ سنو یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر نہیں اور خدا ظالموں کی قوم کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔ فرمایا وہ لوگ جو ایمان لائے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کیا مالوں اور جانوں کے ساتھ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور درجہ میں بڑے ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں۔

(سورۃ توبہ آیت 20,19)

پس کیا ہی مبارک ہیں وہ لوگ جو اس دنیا میں بھی یعنی آخرت میں اپنا درجہ بلند رکھنا چاہتے ہیں اور اپنے تئیں مجاہدوں میں شامل کرتے ہیں اوپر کی آیات پر غور فرماویں تو وقف عارضی وقف کنندہ میں تمام مذکورہ صفات ایک حد تک پائی جاتی ہیں اور ایسا شخص محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے اعظم درجۃ کا حقدار بن جاتا ہے ایک حد تک ہجرت کا مفہوم بھی وقف عارضی میں پایا جاتا ہے۔ چونکہ وطن چھوڑنا ہوتا ہے اور اپنے کھانے کا انتظام بھی خود ہی کرنا ہوتا ہے۔ پھر اس مجاہدہ کے نتیجہ میں مال بھی قربان کرنا ہوتا ہے اور جان بھی۔ پس اے حقیقی کامیابی تلاش کرنے والو۔ جلد ادھر آؤ کہ خدا کا خلیفہ تمہیں اس طرف پکار رہا ہے۔ اپنے نفس کی سواریوں کو اس طرف موڑو کہ جس طرف سے خدا کے خلیفہ کی آواز آرہی ہے اور اگر نفس کی سواری زمانہ کی ہائے ہو اور شور و غوغا کی وجہ سے ادھر مڑنے پر تیار نہیں تو اس کی گردن اڑا دو۔ اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دو کہ ادھر آب حیات تقسیم ہو رہا ہے جو اگر ایک دفعہ مل گیا تو پھر کبھی ختم نہ ہو سکا۔

پس وقف عارضی ایک بلند شان رکھنے والی خدائی تحریک ہے اور اس کے ذریعہ احمدیت کی شان بلند ہونے والی ہے اس تحریک کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ اولیاء اللہ کے طریق پر عبادت کرنے کی توفیق ملتی ہے پہلے کئی بزرگوں کی مثالیں ملتی ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی خاطر اور خاص دعائیں کرنے کی خاطر وطن چھوڑ کر کسی خاموش مقام کی طرف عارضی طور پر چلے جاتے تھے اور وہاں مناجات اپنے رب کے حضور پیش کرتے تھے۔ وقف عارضی میں بھی بالعموم دیہات میں جانے کا موقعہ ملتا ہے اور اس رنگ میں عبادتیں کرنے اور تلاوت قرآن مجید کرنے کی توفیق ملتی ہے۔

چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

"اس تحریک میں حصہ لینے والے ان پڑھ تھے یا کم پڑھے ہوئے تھے یا بڑے عالم تھے۔ چھوٹی عمر کے تھے یا بڑی عمر کے اللہ تعالیٰ نے ان پر قطع نظر ان کی عمر علم اور تجربہ کے (کہ اس لحاظ سے ان میں بڑا ہی تفاوت تھا) اپنے فضل کے نزول میں کوئی فرق نہیں کیا۔ اس عرصہ میں ان سب پر اللہ تعالیٰ کا ایک جیسا فضل نازل ہوتا رہا۔ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے اور اس کے فضل سے ننانوے فیصدی واقفین عارضی نے بہت ہی اچھا کام کیا ان میں سے ہر ایک کا دل اس احساس سے لبریز تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس عرصہ میں اس پر اتنے فضل نازل کئے کہ وہ اس کا شکر ادا نہیں کر سکتا اور اس کے دل میں یہ تڑپ پیدا ہوئی کہ خدا کرے اسے آئندہ بھی اس وقف عارضی کی تحریک میں حصہ لینے کی توفیق ملتی رہے اور بعض جماعتوں نے تو یہ محسوس کیا کہ گویا انہوں نے ایک نئے سرے سے ایک احمدی کی زندگی اور اس کی برکات حاصل کی ہیں ان کی غفلتیں ان سے دور ہو گئی ہیں اور ان میں ایک نئی روح پیدا ہو گئی ہے اور ان میں سے بہتوں نے تہجد کی نماز پڑھنی شروع کر دی ہے اور جو بچے تھے انہوں نے اپنی عمر کے مطابق بڑے جوش اور اخلاص کے ساتھ قرآن کریم ناظرہ یا نماز کا ترجمہ دوسرے مسائل سیکھنے شروع کئے۔ غرض واقفین عارضی کے جانے کی وجہ سے ساری جماعت میں ایک نئی زندگی ایک نئی روح پیدا ہو گئی ہے۔ جیسا کہ میں نے بتایا ہے خود واقفین عارضی نے یہ محسوس کیا کہ اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ نے ان پر بڑے فضل نازل فرمائے۔ بڑی برکتیں نازل کیں۔ ان میں سے بعض اپنا عرصہ پورا کرنے کے بعد واپس آ کر مجھے ملے۔ ہر فقرہ کے بعد ان کی زبان سے یہ نکلتا تھا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے فضل کے بڑے نمونے دیکھے ہیں ان کے مونہہ سے اور ان کی زبان سے خود بخود اس قسم کے فقرے نکل رہے تھے اور یہ حقیقت ہے کہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل اور برکت سے کیا نہ کہ ہماری کسی خوبی کے نتیجہ میں"۔

(الفضل 2 نومبر 1966ء ص 3)

پس جو احباب چاہتے ہیں کہ عبادت کی لذت ان کو عطا ہو وہ جلد آئیں اور چند ایام تحریک وقف عارضی میں دیں تا انہیں بھی بلند مقام حاصل ہو۔

اس تحریک کے نتیجہ میں علمی لحاظ سے کمزور احباب کو بھی بہت فائدہ ہوا ہے ایسے ایسے معرفت کے دروازے ان پر کھولے گئے جو خاص اللہ کی عطا ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اپنی ایک رویا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"اس میں یہ بشارت ہے کہ جماعت میں سے جو لوگ قرآنی علوم سیکھنے کے لحاظ سے ضعیف کہلانے والے ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ ان کے لئے ایسے سامان پیدا کر دے گا کہ وہ بھی علوم مرتبت اور قرآن کریم کی ان رفعتوں تک پہنچنے والے ہوں گے۔ جن رفعتوں تک پہنچانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو نازل کیا ہے۔ سو الحمد للہ اللہ تعالیٰ بشارت دے رہا ہے کہ ہر وہ بشارت جو آسمان سے نازل ہوتی ہے زمین والوں پر ایک ذمہ داری عائد کرتی ہے اور اس ذمہ داری کو پورا کرنا ان کا فرض ہوتا ہے"۔

(الفضل 2 نومبر 1966ء ص 5)

پس اے قرآنی رفعتوں تک پہنچنے کی خواہش رکھنے والو جلد آگے بڑھو کہ خدا خود اپنے خلیفہ کے ذریعہ آپ کو بشارت دے رہا ہے۔ مگر جلدی کرو کیونکہ خدا کا پاک مسیح یہ اعلان کر چکا ہے کہ:

"اب وقت تنگ ہے بار بار یہی نصیحت کرتا ہوں کہ کوئی جوان یہ بھروسہ نہ کرے کہ اٹھارہ یا انیس سال کی عمر ہے اور ابھی بہت وقت باقی ہے تندرست اپنی تندرستی اور صحت پر ناز نہ کرے اسی طرح اور کوئی شخص جو عمدہ حالت رکھتا ہے وہ اپنی وجاہت پر بھروسہ نہ کرے۔ زمانہ انقلاب میں ہے یہ آخری زمانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ صادق اور کاذب کو آزمانا چاہتا ہے۔

اس وقت صدق و وفا دکھانے کا وقت ہے اور آخری موقعہ دیا گیا ہے۔ یہ وقت پھر ہاتھ نہ آئے گا۔ یہ وہ وقت ہے کہ تمام نبیوں کی پیشگوئیاں آکر ختم ہو جاتی ہیں اس لئے صدق اور خدمت کا یہ آخری موقعہ ہے جو نوع انسان کو دیا گیا ہے اب اس کے بعد کوئی

(باقی صفحہ 4 پر)

تعارف

نزول قرآن مجید اور آداب تلاوت

نام کتاب: نزول قرآن مجید اور آداب تلاوت

ناشر و مؤلف: رشیدالدین

مطبع: ضیاء الاسلام پریس

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

تمہارے لئے ایک ضروری تعلیم یہ ہے کہ قرآن کو مہجور کی طرح نہ چھوڑ دو کہ تمہاری اسی میں زندگی ہے۔ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے..........نوع انسانی کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں مگر قرآن..........سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو..........تمام قسم کی بھلائیاں قرآن ہی میں ہیں یہی بات سچ ہے..........پس اس نعمت کی قدر کرو۔ جو تمہیں دی گئی یہ نہایت پیاری نعمت ہے۔ یہ بڑی دولت ہے۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 13)

بنی نوع انسان کی راہنمائی کے لئے خدا تعالیٰ نے ازل سے ایک نظام بنایا ہے تا کہ صراط مستقیم پر چلنا سہل ہو جائے اور اس کام کے لئے انبیاء مبعوث فرمائے اور ہر زمانہ میں ہر قوم کے لئے کتابیں بھی نازل کیں۔ لیکن وہ تمام کتب مختص القوم اور مختص الزمان تھیں تا ان کی استعدادوں کے مطابق راہنمائی میسر آسکے۔ جب انسان خداداد استعدادوں کے مطابق روحانیت کے اس مقام کو پہچاننے کے قابل ہو گیا جو خدائے لم یزل نے اس کے لئے ہمیشہ سے مقدر کر رکھا تھا اور انسان ترقی کرتے کرتے کمال کے سفر میں آگے سے آگے بڑھتے ہوئے عبودیت کا کمال حاصل کرنے کے لائق ہو گیا اور خدائے رحمٰن نے انسان کامل فخر موجودات سید الکونین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو مبعوث فرمایا آپؐ کو ایک ایسی کتاب عطا فرمائی جو لازوال ہدایت پر مشتمل کامل، مکمل اور جامع قوانین سے مستجمع تھی۔ جو انسانیت کے اعلیٰ مدارج کے حصول کی استعدادوں کے مطابق ایسے قوانین معاشرہ و اخلاق فاضلہ پر مشتمل تھی کہ جس کے بعد اور کسی کتاب کی ضرورت باقی نہ رہتی ہے۔

اس نعمت عظمیٰ کی قدر دانی کے لئے ماننے والوں پر بعض فرائض بھی واجب ہوتے ہیں۔ جس میں سب سے پہلا فرض اسے پڑھنا، پھر اس پر تدبر کرنا اور اس کے معانی و معارف سے سینہ کو منور کرنا اور پھر اس پر عمل کر کے اپنی دنیا و آخرت کو سنوارنا ہے۔ ان فرائض کو پورا کرنے کے لئے ہمیشہ سے ہی مختلف انداز میں نصائح ہوتی رہی ہیں اور تا قیامت ہوتی رہیں گی۔ محترم رشیدالدین صاحب مؤلف کتاب ھٰذا نے بھی اسی مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔

اس کتاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلے حصہ میں نزول۔ تدوین۔ ترتیب و تقسیم قرآن کے ساتھ ساتھ اعراب، مقطعات اور محکم و متشابہ آیات کے متعلق بھی بحث شامل ہے اور حفاظت قرآن کے معجزہ کا بھی ذکر ہے۔ دوسرے حصہ میں تلاوت قرآن کی فضیلت و برکات، ترتیل خوش الحانی اور تدبر و فکر کے ساتھ قرآن کا ایک مقررہ حصہ باقاعدگی سے تلاوت کرنے اور اس کے ترجمہ سیکھنے کی ضرورت کے متعلق بہت اچھے انداز میں معلومات مہیا کی گئیں ہیں۔ جبکہ حصہ سوم میں قرآن کی خوبیوں، جامعیت اور معجز نما تعلیمات کے متعلق حضرت مسیح موعود کی پُر مغز اور معارف و حقائق، لطائف و دقائق سے بھری ہوئی نصائح درج ہیں۔ جو انسان کو نہ صرف تلاوت قرآن کی طرف راغب کرتی ہیں بلکہ عاشق قرآن بنا دیتی ہیں۔

خدا تعالیٰ ہم سب کو تلاوت قرآن کا عادی بنا دے اور اس کے فیضان سے وافر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اسی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''ہم میں ہر ایک کو اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ وہ کس حد تک قرآن سے محبت کرتا ہے۔ اس کے حکموں کو مانتا ہے اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ محبت کے اظہار کے بھی طریقے ہوتے ہیں۔ سب سے زیادہ ضروری چیز جو ہر احمدی کو اپنے اوپر فرض کر لینی چاہئے وہ یہ ہے کہ بلا ناغہ کم از کم دو تین رکوع ضرور تلاوت کر لے اور پھر اگلے قدم پر ترجمہ پڑھے۔ ترجمہ پڑھنے سے آہستہ آہستہ یہ حسین تعلیم غیر محسوس طریق پر دماغ میں بیٹھنی شروع ہو جاتی ہے۔''

(شرائط بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں ص 112)

اس کتاب کی تالیف کی غرض یہی ہے تا ہر پڑھنے والا قرآن کریم کی تلاوت کے آداب کو ملحوظ رکھے اور اس سے فیضیاب ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول فرمائے اور پڑھنے والوں کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید اور نافع بنائے اور ہم سب کو توفیق بخشے کہ ہم خود بھی قرآنی علوم سے بہرہ ور ہو کر اپنی زندگیوں میں اس کو نافذ کریں اور نئی نسلوں میں محبت قرآن کی روح پھونک سکیں تا رہتی دنیا تک انسانیت اس فیض ربانی سے مستفید ہوتی رہے۔ آمین

(ایم۔ آر۔ طاہرؔ)

☆☆☆

سراغ زندگی

فلسفی حیران و غلطاں راز یہ سمجھا نہیں
ناتواں، کمزور بندہ شاہ سے ڈرتا نہیں؟

چُن لیا ''مسرور'' کو اُس نے امامت کیلئے
''جو خدا کا ہے اُسے للکارنا اچھا نہیں''

ڈھال بن کر ساتھ رہتی ہیں دعائیں آپ کی
ظلم کے تیروں سے ہم کو ہمنشیں! خطرہ نہیں

دے دیا جس نے امامِ وقت کے ہاتھوں میں ہاتھ
غم کی یورش میں کبھی وہ دیکھ گھبرایا نہیں

اُس کے قدموں سے ملے ہم کو سراغِ زندگی
ایک لمحے کی جدائی کا بھی اب یارا نہیں

ہے ندیمؔ بے نوا ''مسرور'' کا ادنیٰ غلام
یہ نصیبا شاہِ دنیا کو مگر ملتا نہیں

انور ندیمؔ علوی

(بقیہ صفحہ 3)

موقعہ نہ ہوگا۔ بڑا ہی بدقسمت وہ ہے جو اس موقعہ کو کھو دے۔

نرا زبان سے بیعت کا اقرار کرنا کچھ چیز نہیں ہے بلکہ کوشش کرو اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرو کہ وہ تمہیں صادق بنائے اس میں کاہلی اور سستی سے کام نہ لو بلکہ مستعد ہو جاؤ اور اس تعلیم پر جو میں پیش کر چکا ہوں عمل کرنے کے لئے کوشش کرو اور اس راہ پر چلو جو میں نے پیش کی ہے۔ عبداللطیف کے نمونہ کو ہمیشہ مدنظر رکھو کہ اس سے کس طرح صادقوں اور وفاداروں کی علامتیں ظاہر ہوئی ہیں۔ یہ نمونہ خدا نے تمہارے لئے پیش کیا ہے۔

(ملفوظات جلد 6 ص 263)

(روزنامہ الفضل 16/ اگست 1967ء ص 8)

ایفل ٹاور

پیرس (فرانس) کا ایفل ٹاور بین الاقوامی نمائش منعقد کرنے کے لئے بنایا گیا۔ اس کی تعمیر 1887ء اور 1889ء کے دوران ہوئی۔ اس کا ڈیزائن مشہور فرانسیسی انجینئر ایفل نے بنایا۔ ٹی وی ٹاور سمیت اس کی بلندی 1073 فٹ اور وزن 8250 ٹن ہے۔ یہ 12 ہزار ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا گیا ہے۔

صحابہ رسولؐ۔ اطاعت کے پاکیزہ نمونے

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ارشادات

بیعت کے معنے اپنے آپ کو بیچ دینے کے ہیں اور جب انسان کسی کو دوسرے کے ہاتھ پر بیچ دیتا ہے تو اس کا اپنا کچھ نہیں رہتا۔ صحابہ کرامؓ نے اپنے نفسوں کو آنحضرت ﷺ کے ہاتھوں پر بیچ کر آپ کی اطاعت کو کہاں تک مدنظر رکھا ہوا تھا، اس کا حال دو حکایتوں سے معلوم ہوتا ہے جن کا ذکر میں کرتا ہوں۔ جمعہ کے روز خطبہ ہو رہا تھا اور لوگ کھڑے ہوئے تھے۔ آنحضرت ﷺ نے حکم دیا کہ بیٹھ جاؤ۔ عبداللہ بن مسعودؓ ایک صحابی اس وقت مسجد کی گلی میں آ رہے تھے۔ آپ کو بھی یہ آواز پہنچ گئی اور جہاں تھے وہیں بیٹھ گئے۔ لوگوں نے وجہ پوچھی تو کہا کہ میں نے سمجھا کہ خدا معلوم مسجد جانے تک جان ہوگی یا نہ۔ یہ حکم سنا ہے۔ اسی وقت اس کی تعمیل کروں۔

دوسرا واقعہ ایک صحابی کعب نامی کا ہے جو کہ آنحضرت ﷺ کا صحابی اور دولتمند آدمی تھا۔ آپؐ نے جب غزوۂ تبوک کی تیاری کا حکم جماعت کو دیا تو ہر ایک شخص اپنی اپنی جگہ تیاری کرنے لگا اور کعب نے خیال کیا کہ چونکہ میں ایک امیر آدمی ہوں اس لئے جس وقت چاہوں گا ہر ایک سامان مہیا کروں گا۔ چونکہ بستی کوئی بڑی نہ تھی کہ افراط سے ہر ایک شے موجود ہوتی اس لئے لوگ تو تیاری کر کے روانہ ہوگئے اور کعب پیچھے رہ گیا۔ جب وہ بازار میں گیا تو اسے کچھ بھی نہ ملا۔ اس کاہلی اور سستی کا اور کیا نتیجہ ہوتا۔ آخر کار شمولیت سے محروم رہا۔ جب آنحضرت ﷺ واپس تشریف لائے تو کعب ایک حدیث میں خود بیان کرتا ہے مجھے غم نے تنگ کیا اور میں جھوٹ بولنے کا ارادہ کرنے لگا اور سوچنے لگا کہ ایسی بات کہوں کہ آپؐ کے غصہ سے بچ جاؤں اور اپنی برادری کے ہر عقلمند سے اس میں اعانت کا طلبگار رہا۔ جب خبر لگی کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے اس وقت مجھ سے یہ کذب دور ہوگیا اور میں نے جان لیا کہ آپؐ کے روبرو جھوٹ بولنے سے مجھے کبھی نجات نہ ہوگی۔ پس میں نے سچ بولنے کا پختہ ارادہ کرلیا اور رسول اللہ ﷺ علی الصباح مدینہ میں آ پہنچے اور جب آپؐ سفر سے تشریف لایا کرتے تھے تو اول مسجد میں نزول فرمایا کرتے تھے۔ آپ نے مسجد میں دو رکعت نماز پڑھی اور لوگوں کی ملاقات کے لئے وہاں ہی بیٹھ گئے۔ پس مختلف لوگ آتے اور سوگند کھا کھا کر اپنے تخلف کے عذر آپ کے سامنے بیان کرتے تھے اور یہ لوگ اسّی آدمی سے کچھ زیادہ تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کا عذر قبول فرمایا اور ان سے بیعت لی اور ان کے لئے استغفار کیا اور ان کے باطن اللہ تعالیٰ کے سپرد فرمائے۔ جب میں خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے مجھے دیکھ کر غضبناک آدمی کی طرح تبسم فرمایا اور مجھے کہا آگے آ۔ میں سلام کہہ کر آپؐ کے آگے بیٹھ گیا۔ پھر آپؐ نے مجھے فرمایا کہ تو کس سبب پیچھے رہ گیا۔ کیا تو نے سواری خرید نہیں کی تھی؟ میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! (ﷺ) مجھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ اگر آج میں آپ کے سوا کسی دنیادار آدمی کے روبرو ہوتا تو خدا تعالیٰ نے مجھے کلام میں ایسی فصاحت عطا کی ہے کہ آپ دیکھتے کہ میں عذر بیان کر کے اس کے غصہ سے صاف نکل جاتا۔ لیکن میں جانتا ہوں کہ اگر میں آج جھوٹ بول کر آپ کو خوش بھی کرلوں گا تو عنقریب خدا تعالیٰ آپ کو مجھ پر غضبناک کر دے گا۔ مگر خدا تعالیٰ سے مجھے عافیت کی امید ہے۔ خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ مجھے کوئی عذر نہ تھا اور میں تخلف کے وقت پہلے سے بھی قوی اور خوش گذران تھا۔ (میری عرض سن کر آپ نے فرمایا بے شک اس نے سچ کہا (اور مجھے فرمایا) اٹھ کھڑا ہو اور چلا جا تا کہ خدا تعالیٰ تیرے حق میں فیصلہ کرے (میں اٹھ کھڑا ہوا) اور بنی سلمہ میں سے کچھ آدمی میرے پیچھے ہولئے اور مجھے کہتے تھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے ہم نہیں جانتے کہ تو نے اس سے پہلے کوئی گناہ کیا ہو۔ آج تو نے رسول اللہ ﷺ کے روبرو ایسے ہی عذر کیوں نہ کئے جیسے دوسرے متخلفوں نے کئے تھے۔ تیرے گناہ کے لئے رسول اللہ ﷺ کا استغفار کافی تھا۔ مجھے خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ وہ لوگ ایسے میرے پیچھے ہوئے کہ ان کے کہنے سے میں نے بھی ارادہ کرلیا کہ لوٹ کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں اپنی پہلی تقریر کی تکذیب کروں۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ اس کام میں میرے ساتھ کوئی اور بھی ہے (یعنی کوئی اور بھی ایسا ہے جس نے میری جیسی تقریر کی ہو۔) انہوں نے کہا ہاں دو اور آدمیوں نے تیری جیسی تقریر کی ہے اور ان کو بھی رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی فرمایا ہے جیسا تجھے فرمایا ہے۔ میں نے کہا وہ دونوں کون کون ہیں؟ لوگوں نے کہا ایک مرارہ بن ربیعہ عامری اور دوسرا ہلال بن امیہ واقفی۔ وہ کہتا ہے کہ لوگوں نے ایسے دو آدمی صالح کا نام لیا کہ جو بدر میں حاضر ہوئے تھے اور جن کا اقتدا کرنا چاہئے تھا۔ کہتا ہے جب انہوں نے میرے روبرو ان دونوں کا ذکر کیا تو میں چلا گیا اور لوٹ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس پہلی تقریر کی تکذیب کرنے نہ گیا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ متخلفین میں سے ان تین آدمی سے کوئی کلام نہ کرے۔ کہتا ہے لوگ ہم سے اجتناب کر گئے یا کہا کہ لوگ ہم سے متغیر ہوگئے کہ وہ زمین بھی مجھے اوپری معلوم دینے لگی۔ گویا وہ زمین ہی نہ تھی جس کو میں پہچانتا تھا۔ پس ہم پچاس رات اسی حال میں مبتلا رہے۔ میرے ان دونوں یاروں نے عاجز ہو کر اپنے گھروں میں بیٹھ کر رونا شروع کیا اور میں جوان دلیر تھا۔ بازاروں میں پھرتا تھا اور نماز میں حاضر ہوتا تھا۔ مگر مجھ سے کوئی کلام نہ کرتا تھا اور میں نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ کو آن کر سلام کہتا اور دیکھتا کہ سلام کے جواب میں آپؐ کے لب مبارک نے حرکت کی ہے کہ نہیں۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ کے قریب کھڑا ہو کر نماز پڑھتا اور آنکھ چرا کر آپ کی طرف دیکھتا۔ جب میں نماز کی طرف متوجہ ہوتا تو آپ میری طرف نظر کرتے اور جب میں آپ کی طرف دیکھتا تو آپ منہ پھیر لیتے۔ جب مسلمانوں کی کڑائی مجھ پر بہت ہوگئی تو ایک دن میں ابوقتادہ کے باغ کی دیوار پھاند کر جو میرا چچا زاد بھائی تھا اور میری اس سے بہت محبت تھی باغ میں گیا۔ میں نے اس کو السلام علیکم کہا مگر اس نے سلام کا جواب نہ دیا۔ میں نے کہا اے ابوقتادہ! میں تجھے اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ تجھے معلوم ہے کہ میں اللہ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں۔ وہ خاموش رہا اور مجھے کچھ جواب نہ دیا۔ میں نے پھر اس کو قسم دے کر کہا۔ وہ خاموش ہی رہا اور مجھے کچھ جواب نہ دیا۔ میں نے پھر تیسری دفعہ جب قسم دے کر کہا تو اس نے اس قدر کہا کہ اللہ اور رسول اللہ ﷺ خوب جانتے ہیں۔ یہ سنتے ہی میرے اشک جاری ہوگئے اور اسی طرح سے دیوار پر سے ہو کر وہاں سے نکل آیا۔ میں بازار میں چلا جاتا تھا کہ ایک آدمی شام کے لوگوں میں سے جو مدینہ میں غلہ فروخت کرنے کو آئے تھے کہتا پھرتا تھا کہ کوئی مجھے کعب بن مالک کا پتہ بتلاوے۔ لوگوں نے میری طرف اشارہ کردیا۔ اس نے مجھے غسان کے حاکم کا خط دیا اور چونکہ میں لکھا پڑھا تھا میں نے وہ خط پڑھا۔ اس میں لکھا تھا۔ امابعد! ہم کو خبر پہنچی ہے کہ تیرے صاحب نے تجھ پر ظلم کیا اور خدا تعالیٰ نے تجھے ذلیل و ضائع نہیں کیا تو ہمارے پاس چلا آ، ہم تیری پرورش کریں گے۔ خط پڑھ کر میں نے دل میں خیال کیا کہ یہ بھی ایک بلا آئی۔ (کفار کو ہماری طرف طمع ہوگئی) میں نے اس خط کو تنور میں جلا دیا۔ جب اس حال کو چالیس روز ہوگئے تو ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کا بھیجا ہوا آیا اور مجھے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھے فرمایا ہے کہ تو اپنی عورت سے علیحدہ ہوجا۔ میں نے کہا کہ آپ نے طلاق دینے کو فرمایا ہے یا کیا؟ اس نے کہا طلاق کو نہیں فرمایا۔ مجامعت سے منع فرمایا ہے اور دوسرے دونوں میرے یاروں کو بھی یہی کہلا بھیجا ہے۔ میں نے اپنی عورت کو کہا کہ جب تک خدا تعالیٰ کی طرف سے فیصلہ کا حکم نہیں آتا تو اپنے ماں باپ کے گھر چلی جا اور ہلال بن امیہ کی عورت نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ یا رسول اللہ! ہلال بن امیہ بوڑھا ناکارہ ہے۔ اس کا خادم کوئی نہیں۔ کیا آپ اس کی خدمت کرنے سے مجھے منع فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ وہ تجھ سے مقاربت نہ کرے۔ اس نے عرض کی کہ خدا تعالیٰ کی قسم ہے وہ اس کام کے لائق ہی نہیں۔ واللہ! وہ جس روز سے اس حال میں مبتلا ہوا ہے آج تک دن رات روتا ہے۔ بعض لوگوں نے مجھے کہا کہ تو بھی اپنی عورت کی بابت رسول اللہ سے اجازت طلب کر جیسے ہلال کی عورت نے آپ سے اس کی خدمت کرنے کا اذن لے لیا ہے۔ میں نے کہا اگر میں اس امر میں آپؐ سے عرض کروں، معلوم نہیں آپ کیا جواب دیں اور میں جوان آدمی ہوں (یعنی عورت کے پاس ہوتے مجھے صبر کرنا مشکل ہے) یہاں تک کہ دس رات اور گزر گئیں اور ہمارے اس حال کو پچاس راتیں ہوگئیں۔ پچاسویں رات کی صبح کو فجر کی نماز اپنے گھروں میں سے ایک گھر کی چھت پر پڑھ کر اسی حالت میں بیٹھا تھا جیسے خدا تعالیٰ نے قرآن میں ہماری خبر دی ہے اور میرا دم بسبب غم کے بند ہو رہا تھا اور زمین باوجود کشائش کے مجھ پر تنگ ہو رہی تھی کہ میں نے ایک آدمی کی آواز سنی کہ پہاڑ سلع پر باآواز بلند کہہ رہا تھا اے کعب بن مالک! تجھے بشارت ہو۔ میں سنتا ہی سجدہ میں گر پڑا اور جان گیا کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے کشائش آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے فجر کی نماز پڑھتے ہی لوگوں کو ہماری توبہ قبول ہونے کی خبر کردی۔ لوگ ہم کو بشارت دینے شروع ہوگئے اور دونوں میرے یاروں کے پاس بھی بشارت دینے والے پہنچے اور ایک گھوڑا دوڑا کر میری طرف آیا اور ایک آدمی نے بنی اسلم میں پہاڑ پر چڑھ کر آواز کی۔ آواز گھوڑے کے سوار سے پہلے پہنچی جب وہ شخص جس کی آواز میں نے سنی تھی میرے پاس آیا تو میں نے اپنے دونوں کپڑے اتار کر بشارت کے عوض میں اس کو پہنا دیئے۔ مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ اس روز میرے پاس وہی کپڑے تھے جو دے دیئے اور میں نے دو کپڑے عاریتاً لے کر پہن لئے اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے کا ارادہ کر کے چلا۔ راستہ میں لوگ مجھے ملتے تھے اور توبہ کی قبولیت کی تہنیت دیتے تھے اور کہتے تھے کہ تجھے مبارک ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تیری توبہ قبول فرمائی حتیٰ کہ میں مسجد میں پہنچا۔ وہاں لوگ رسول اللہ ﷺ کے گرد مجتمع تھے۔ طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ مجھے دیکھ کر کھڑا ہوگیا اور دوڑ کر مجھ سے مصافحہ کیا اور تہنیت دی۔ واللہ! مہاجرین میں سے اس سے سوا دوسرا میری خاطر کوئی کھڑا نہیں ہوا۔ کعب طلحہ کے اس کام کو ہمیشہ یاد کیا کرتا تھا۔ کعب کہتا ہے کہ جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو سلام کیا۔ اس وقت آپ کا چہرۂ مبارک خوشی سے دمکتا تھا۔ آپؐ نے فرمایا۔ تجھے بشارت ہو ایسے دن کی جب سے تو ماں سے پیدا ہے، اس دن سے بہتر کوئی دن تجھ پر نہیں آیا۔ میں نے گزارش کی کہ بشارت آپ کی طرف سے ہے یا اللہ کی طرف سے؟ فرمایا، نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور رسول اللہ ﷺ کا چہرۂ مبارک خوشی کے وقت ایسا روشن ہوجایا کرتا تھا کہ گویا چاند کا ٹکڑا ہے اور ہم اس حالت کو خوب جانتے تھے۔ میں نے آپ کے سامنے بیٹھ کر گزارش کی کہ یا رسول اللہ! میری توبہ میں سے ہے کہ میں اپنا مال صدقہ کردوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کچھ مال اپنے لئے رکھ لے کہ یہ تیرے حق میں بہتر ہے۔ میں نے عرض کی کہ خیبر کی غنیمت میں سے جو مجھے حصہ ملا تھا وہ میں اپنے لئے رکھتا ہوں۔ میں نے پھر عرض کی۔ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے میرے صدق کے سبب مجھے نجات دی ہے۔ یہ بھی میری توبہ میں سے ہے کہ آئندہ

(باقی صفحہ 6 پر)

ماخوذ

پانی کا عالمی بحران

2050ء تک پانی کی موجودہ قلت میں پانچ گنا اضافہ ہو جائے گا

پانی کے عالمی مسائل کا جائزہ لینے والے ادارے کرسچیئن ڈیویلپمنٹ ایجنسی انگلستان نے ایک رپورٹ مرتب کی ہے۔ رپورٹ میں یہ چشم کشا انکشاف کیا گیا ہے کہ 2050ء تک پانی کی موجودہ قلت میں پانچ گنا اضافہ ہو جائے گا اور آبی بحران کے شدید ترین مظاہر غریب اور ترقی پذیر ممالک میں دیکھنے میں آئیں گے۔ بحران میں شدت کی وجہ سے ان ممالک کے کروڑوں افراد اپنے آبائی علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور ہو جائیں گے۔ آکسفورڈ اکیڈمک نارمین مائرز ٹیئر فنڈ کے ماہرین نے اندازہ لگایا ہے کہ 2050ء تک پانی کے قحط کی وجہ سے نقل مکانی کرنے والے عالمی مہاجرین کی تعداد 20 کروڑ افراد تک پہنچ جائے گی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ نقل مکانی کا یہ سلسلہ کئی ممالک میں شروع ہو چکا ہے۔ مثال کے طور پر برازیل میں بارانی علاقوں میں رہائش رکھنے والی آبادی کا ہر پانچواں آدمی پہلے ہی سے ہجرت کر چکا ہے۔ اس کے بعد چین کا نمبر ہے۔ جہاں تین بڑے صوبے اپنی زرعی زرخیزی سے محروم ہو کر صحرا میں تبدیل ہو جانے کے خطرے سے دوچار ہیں اور صحرائے گوبی انہیں تیزی سے نگل رہا ہے۔ تیسرے نمبر پر نائیجیریا ہے۔ جہاں ہر سال 2000 مربع کلومیٹر زرعی اور سرسبز اراضی بانجھ اور خشک ہو کر دشت میں تبدیل ہو رہی ہے۔ ٹیئر فنڈ آبی رپورٹ کا دیباچہ برطانیہ کے سرکردہ ماحولیاتی سائنسدان سر جان ہاگسٹن نے تحریر کیا اور اس رائے کا اظہار کیا کہ عالمی سطح پر بڑھنے والی پانی کی یہ قلت ترقی پذیر ممالک کی زراعت اور ماحولیاتی توازن کی سب سے زیادہ متاثر کرے گی۔

کالا باغ ڈیم کا مجوزہ منصوبہ ایک ایسا پروجیکٹ ہے جو پاکستان کو آبی قحط کے شکنجے سے ایک طویل عرصہ کے لئے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ لیکن مقام افسوس ہے کہ یہ منصوبہ سیاسی مخالفت اور مؤثر حکمت عملی کی ترتیب میں مسلسل ناکامی کے سبب گزشتہ ربع صدی سے تاخیر کا شکار چلا آرہا ہے۔ کسی بڑے آبی ذخیرے کے تعمیر نہ ہونے کی وجہ سے پاکستانی زراعت کو 2000ء سے آبی قلت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ حکومت نے آبی قلت پر قابو پانے کے لئے واپڈا ویژن 2025ء تشکیل دیا۔ جس کے مطابق 2025ء تک متعدد نئے ڈیم اور آبی ذخائر بنانے کا اعلان کیا گیا۔ حکومت نے اس پروگرام کے تحت جن آبی منصوبہ جات کی تعمیر و تکمیل کا بیڑہ اٹھایا ہے۔ ان کی تفصیل اور پانی ذخیرہ کرنے کے صلاحیت حسب ذیل ہے۔

بھاشا ڈیم (5.70 ملین ایکڑ فٹ پانی)
کالا باغ ڈیم (6.1 ملین ایکڑ فٹ)
سکردو ڈیم (5.52 ملین ایکڑ فٹ)
یوگو ڈیم (شورندی) (4.82 ملین ایکڑ فٹ)
دریائے سوات پر کالا ڈیم (0.26 ملین ایکڑ فٹ)
چترال ندی پر میر خانی ڈیم (0.58 ملین ایکڑ فٹ)
دریائے سوات پر منڈا ڈیم 0.67 ملین ایکڑ فٹ)

1960ء میں پاکستان اور بھارت کے درمیان دریائی پانی کا تقسیم کا معاہدہ طے پایا تھا۔ جسے سندھ طاس معاہدے کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سے اب تک بھارت نے پاکستان کے آبی منصوبہ جات کے خلاف ظاہر اور خفیہ ریشہ دوانیاں جاری رکھی ہیں اور ان دریاؤں کے بھارتی حصوں پر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یا پھر اس کی فنی کوتاہیوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، ایسے آبی منصوبے قائم کئے اور کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے پاکستان میں پانی کی آمد میں کٹوتی ہو سکے۔ دوسری خود تیزی سے آبی ذخائر کی تعمیر کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ بھارت کے اس عمل کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ 1960ء سے اب تک یہ ملک 600 چھوٹے بڑے آبی ذخائر اور ڈیم تعمیر کر چکا ہے۔ جبکہ اس کے مقابلے میں پاکستان صرف دو بڑے آبی ذخائر یعنی منگلا ڈیم اور تربیلا ڈیم مکمل کر سکا ہے۔ ان دونوں ڈیموں میں آبی ذخیرہ کاری کی گنجائش بالترتیب 4.564 ملین ایکڑ فٹ اور 7.164 ملین ایکڑ فٹ ہے۔ لیکن ہر سال ان ڈیموں کی تہ میں گار جمع ہوتے رہنے کی وجہ سے ان میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش میں مسلسل کمی آرہی ہے۔ پانی کی بڑھتی ہوئی کمی کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ 1951ء میں پاکستان کے پاس آبادی کے لحاظ سے فی کس 5650 کیوسک پانی دستیاب تھا لیکن 2000ء میں یہ سہولت کم ہو کر صرف 1400 کیوسک تک محدود ہو گئی اور اب 2006ء میں 1250 کیوسک کے لگ بھگ ہے۔

وطن عزیز میں اس وقت 77 ملین ایکڑ رقبہ پر مختلف فصلات کاشت کی جاتی ہیں۔ اس میں سے 36 ملین ایکڑ رقبہ نہری نظام سے پانی حاصل کرتا ہے جبکہ باقی 41 ملین ایکڑ اراضی یا تو ٹیوب ویل اور کنوئیں کے پانی سے سیراب کی جاتی ہے یا پھر یہاں زراعت کا انحصار بارش کے پانی پر ہے۔ ماہرین زراعت کا خیال ہے کہ اگر پاکستان میں دستیاب پانی کو سنبھالنے کا بندوبست کر لیا جائے تو مزید 22.5 ملین ایکڑ اراضی پر زراعت کا آغاز کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ذخیرہ کاری کے ذرائع قائم نہ ہونے کے سبب ہر سال کم از کم 39 ملین ایکڑ فٹ پانی کوٹری بیراج سے گزر کر سمندر میں چلا جاتا ہے۔ جبکہ 106 ملین ایکڑ فٹ زرعی مقاصد کے لئے استعمال ہو پاتا ہے۔ آب یات کے عالمی ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر پاکستان نے آبی تحفظ کے لئے مؤثر اقدامات نہ کئے تو 2010ء تک پاکستان پانی کے قحط میں مبتلا ممالک میں شامل ہو جائے گا۔

